Home Connection

انٹرنیٹ پرحفاظت اور بچوں کی جنسی زیادتی کی غرض سے خرید و فروخت

عزیزوالد والدہ/ سرپرست:

گریڈ سات میں زیرتعلیم آپ کے بچے/ بچی نے آج امور صحت کی کلاس میں انٹرنیٹ پرحفاظت کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ویب سائٹس جیسے انسٹاگرام، اور ٹویٹر کے استعمال کے دوران انٹر نیٹ سیفٹی سمیت کئی موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جیسے ذاتی معلومات کو اپنی حد تک رکھنا، اور انٹر نیٹ پر شکار پھانسے والوں کے لبھانے کے طریقے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی میں انٹر نیٹ کے ذریعے شکار پھانسنے کی ایک مخصوص شکل نوجوان لڑکے لڑکیوں کی جنسی زیادتی کیلئے اغوا و فروخت (sex trafficking) کے واقعات کا ہونا ہے۔ اس کاروبار میں ملوث افراد سوشل میڈیا کی ویب سائٹس اپنے مقاصد کیلئے استعمال کر رہے ہیں، یا تو وہ خود نوجوان لڑکے لڑکیوں کا روپ دھار لیتے ہیں یا پھر لڑکے لڑکیوں میں دلچسپی کا اظہار کرنے والے جوان بالغ بن جاتے ہیں تاکہ اپنے شکار کو پھانسنے کیلئے تعلقات قائم کر سکیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولزبچوں کی جنسی زیادتی کی غرض سے خرید و فروخت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور والدین کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس بارے میں معلوماے کیلئے اس ویڈیو کو دیکھیں http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=af7668b7c92dc (دیگر زبانوں میں سب ٹائٹلز کے لئے نیچے دیے گئے لنک پر ملاحظہ کریں) یا مزید معلومات کے لیئے Just Ask Prevention کی ویب سائٹ http://www.justaskprevention.com اس پتے پر ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کو کسی ایسے فرد کے بارے میں معلوم ہے جسے فوری مدد کی ضرورت ہے تو نیشنل ہیومن ٹریفکنگ کی ہاٹ لائن 1-888-373-7888 پر کال کیجئے۔

ہم آپ پر زور دیتے ہیں کہ آپ اپنے بچے/ بچی کیساتھ ٹکنالوجی کے موزوں و مناسب استعمال پر تبادلہ خیال کریں۔ طالب علموں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اپنے والدین کے علم میں لائیں کہ وہ سوشل میڈیا کی کون سی قسم استعمال کر رہے ہیں اور یہ کہ وہ سوشل میڈیا کے استعمال پر نگرانی کے لئے والدین کی مدد طلب کریں۔ ہمیں امید ہے کہ یہ خط والدین/ سرپرست اور انکے بچوں کے درمیان اس موضوع پر مکالمے کا آغاز ہو گا اور یہ جاری رہے گا کہ کسیے بچوں کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

طالب علموں کو محفوظ رکھنے کیلئے اسکول سے پارٹنرشپ اورغور و فکر کرنے پر آپ کا شکریہ ۔ آ پ اگر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ کو کسی بھی معاملے پر تشویش ہے تو براہِ مہربانی مجھ سے بلا جھجک رابطہ کیجئے۔

مخلص،

ٹیچر برائے امور صحت

والدین - دھوکہ (عربی) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=447a3df69435d

والدین - دھوکہ (ویتنامی) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=3fcbba946ee10

والدین - دھوکہ (کورین) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=520731b4fc1cb

والدین - دھوکہ (ہسپانوی) http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=343e61b1f3f20